# چیدہ چیدہ شرائط نیلام درج ذیل ھیں۔

یہ کہ ٹھیکہ جات کی نیلامی مالی سال یعنی 2026-27 کیلئے ہوگی۔تمام کامیاب بولی دہندگان صوبائی حکومت کی طرف سے جاری کردہ احکامات/ پالیسی گائیڈ لائنز برائے سال 2026-27 ای آکشن کے پابند ہونگے۔شرائط نیلام دفتری اوقات کار میں تحصیل آفیسر ریگولیشن سے حاصل یا اوپر دی گئی ویب سائٹ پر ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔نیلامی کی تاریخ 2026-06-01 کو ہوگی۔جس کے مطابق نیلامی کا عمل محکمہ ہذا کی مذکورہ ویب سائٹ پر بروز سوموار 01/06/2026،02/06/2026،03/06/2026 بروز بدھ تک بوقت 9.00AM تا 4.00PM رہیگا۔کامیاب بولی دہندہ مقررہ وقت ختم ہونے کے بعد اگلے تین دن کے اندر اندر دفتری اوقات کار میں 5% سکیورٹی اور 15% ایڈوانس ٹھیکہ سائن بورڈ میں 50 فیصد پیشگی رقم بھی مذکورہ ایام میں جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ناکامی کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کی بولی منسوخ کی جائیگی۔اور جمع شدہ 5% سکیورٹی/ بنک کال ڈیپازٹ بحق TMA پہاڑپور ضبط کی جائیگی۔مزید براں صوبائی حکومت/ لوکل کونسل بورڈ کو پہلے سے جمع شدہ سکیورٹی ضبط کرنے کی سفارش بھی کی جائے گی۔مزید یہ کہ بعد میں ٹھیکہ دوسرے سب سے زیادہ بولی دینے والے ٹھیکیدار کو ٹھیکہ دیا جاسکتا ہے۔کامیاب بولی دہندہ حکومت کی مروجہ شرح کے مطابق انکم ٹیکس و دیگر صوبائی ٹیکسیز ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ٹھیکیدار کو ٹھیکہ میں کسی قسم کی معافی نہیں دی جائے گی۔نیز مجاز اتھارٹی کو اختیار ہے کہ وہ معقول وجوہات پر کسی ایک یا تمام بولی کو مسترد کردے۔مزید یہ کہ ہر ایک ٹھیکہ کے لیئے علیحدہ علیحدہ کال ڈیپازٹ بنانا ضروری ہے۔جسمیں ٹھیکیدار کا نام بھی درج ہو۔خیبر پختونخواہ کے کسی بھی کونسل یا ٹی۔ایم۔اے کے باقیدار ٹھیکیدار بولی میں حصہ لینے کے مجاز نہ ہونگے۔اگر دوران آن لائن بولی یا آن لائن بولی کے اختتام تک Net سروس Server کے حوالے سے کسی بھی تکنیکی بنیادوں پر مسائل آنے کی صورت میں ٹی۔ایم۔اے، پہاڑپور ہرگز ہرگز ذمہ دار نہ ہوگی۔(مختص شدہ سرکاری بولی کی رقم پر کم از کم دس (10%) اضافہ کرنا ضروری ہوگا۔بصورت دیگر دی گئی بولی صوبائی گورنمنٹ کی ہدایت کے مطابق قابل قبول نہ ہوگی)۔